بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

# تعلیماتِ اسلامی

# برائےِ اطفال

مجمع الصادق جتوئی پاکستان

+923015213044

❁❁❁

# فہرست


| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| اللہ کے نام سے۔ | 5 | ہمارا عقیدہ | 21 |
| اصول دین | 6 | فرشتے | 22 |
| توحید | 7 | فرشتوں کے کام | 23 |
| اللہ کو یاد کرو | 8 | اچھا مسلمان | 24 |
| اللہ بہت بڑا ہے | 9 | مومن کی شان | 25 |
| کلمہ | 10 | فروع دین | 26 |
| کلمہ کے معنی | 11 | نماز | 27 |
| نبوت | 12 | پانچ نمازیں | 28 |
| بڑے نبی | 13 | سورہ الحمد | 29 |
| آسمانی کتابیں | 14 | سورۃ توحید | 30 |
| نعت | 15 | کربلا والے | 31تا32 |
| امامت | 16 | کبھی نہ بھولو | 33 |
| پنجتن پاک۔ | 17 | اچھی باتیں | 34 |
| امام بارہ | 18 | بری باتیں | 35 |
| صلوات | 19 | اچھے بچے | 36 |
| قیامت | 20 | | |


❁❁❁

ہمارے پیارے نبی محمد ﷺ کی دعا

# رَّبِّ زِدْنِی عِلْمًا

اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔(سورہ طٰہٰ: آیت ۱۱۴)

# بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

یعنی اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے۔

قرآن کا سورہ پڑھنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔

پانی پینے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔

کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔

بات کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔

گھر میں داخل ہوتے وقت بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔

گاڑی میں سوار ہوتے وقت بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔

ہر کام کے شروع میں بسم اللہ پڑھنے سے برکت ہوتی ہے۔

# دین کے اصول

اَصُولِ دِین یعنی دین کی جڑیں پانچ ہیں

اول ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ توحید

دوسرے ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ وعدل

تیسرے ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ نبوت

چوتھے ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ امامت

پانچویں ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ قیامت

# توحید

اللہ.............................................................ایک ہے۔

اللہ.............................................................عادل ہے۔

اللہ.............................................................سب دیکھ رہا ہے۔

اللہ.............................................................سب سن رہا ہے۔

اللہ.............................................................نے دنیا بنائی ہے۔

اللہ.............................................................دنیا چلا رہا ہے۔

اللہ.............................................................کا دین اسلام ہے۔

# اللہ کو یاد کرو

جب کسی نعمت کا شکر کرنا چاہو تو کہو..........اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

جب کوئی نعمت خدا ملے تو کہو..............شکراً اللہ

جب کوئی عجیب یا شاندار چیز دیکھو تو کہو......سُبْحَانَ اللہ

جب کوئی کام کرنے کا سوچو تو کہو........اِنْ شَاءَ اللہ

جب کسی چیز کی تعریف کرو تو کہو..........مَاشَاءَ اللہ

جب چھینک آئے تو کہو....................اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

کھانا کھانے کے بعد اگر ڈکار آئے تو کہو....اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

جب برائی کا خیال آئے تو کہو...........اَسْتَغْفِرُ اللہ

# اللہ بہت بڑا ہے

سب نے یہی کہا ہے، اللہ بہت بڑا ہے

قرآن میں لکھا ہے، اللہ بہت بڑا ہے

یہ مہر وماہ وانجم، دریاؤں میں تلاطُم

چلتی ہوئی ہوائیں ، آواز کا ترنم

خوش رنگ طائروں کا پھیلا ہوا تبسم

ترتیب وار ٹھنچے ایسے کہ رشکِ انجم

یہ کُن کا معجزہ ہے، یہ کُن کا معجزہ ہے

اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے

# کلمہ

کلمہ توحید ہے.................. لَا إِلَـهَ إِلَّا اللهُ

کلمہ رسالت ہے.......... مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللهِ

کلمہ ولایت ہے............... عَلِی وَلِيُّ اللهِ

وَوَصِيُّ رَسُولِ اللهِ

وَخَلِيفَتُهُ بِلَا فَصْل

# کلمہ کے معنی

## لَا اِلَٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

یعنی اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

## مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ

یعنی حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

## عَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ وَ وَصِيُّ رَسُولِ اللّٰهِ وَخَلِيفَتُهُ بِلَا فَصْل

یعنی حضرت علی اللہ کے ولی اور رسول اللہ کے جانشین اور اُن کے بلا فاصلہ خلیفہ ہیں۔

❁❁❁

# نبوت

اللہ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے نبی بھیجے۔

اللہ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی بھیجے۔

پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام تھے۔

آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ الہٖ وسلم ہیں۔

نبی اللہ کی باتیں بتاتے ہیں۔

نبی معصوم ہوتے ہیں۔

نبیوں پر ہمارا سلام ہو۔

# بڑے نبی

بڑے نبی پانچ ہیں

1۔ حضرت نوح نبی اللہ

2۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ

3۔ حضرت موسیٰ کلیم اللہ

4 ۔ حضرت عیسیٰ رُوح اللہ

5 ۔ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

# آسمانی کتابیں

## آسمانی کتابیں چار ہیں

1۔ تورات جو حضرت موسیٰ پر اُتری۔

2۔ زبور جو حضرت داؤد پر اُتری۔

3۔ انجیل جو حضرت عیسیٰ پر اُتری۔

4۔ قرآن جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اُترا۔

# نعت

مجھ میں اُن کی ثنا کا سلیقہ کہاں
وہ شہِ دو جہاں، وہ کہاں میں کہاں

اُن کے دامن سے وابستہ میری نجات
اُن پہ قربان میری حیات و ممات

میں گناہ گار وہ شافعِ عاصیاں
بے کسوں کی اَماں، وہ کہاں میں کہاں

شک نہیں اے ریاض، ہرگز ذرا
میں سراپا خطا، وہ سراپا عطا

نام اُن کا رہے کیوں نہ وردِ زباں
ہے جو تسکینِ جاں، وہ کہاں میں کہاں

❁ ❁ ❁

# امامت

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے آخری نبی ہیں۔

اللہ نے اُن کے بعد امام مقرر فرمائے۔

حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بارہ امام کے نام بتائے۔

امام لوگوں کی ہدایت کرتے ہیں۔

امام دین کی حفاظت کرتے ہیں۔

امام معصُوم ہوتے ہیں۔

امام کی باتوں پر دل سے عمل کرنا چاہیے۔

# پنجتن پاک

## پنجتن پانچ ہیں

حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم

حضرت فاطمہ علیہا السلام

امام علی

امام حسن

امام حسین

# امام

امام بارہ ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلے امام | امام علی | دوسرے امام | امام حسن |
| تیسرے امام | امام حسین | چوتھے امام | امام علی زین العابدین |
| پانچویں امام | امام محمد باقر | چھٹے امام | امام جعفر صادق |
| ساتویں امام | امام موسی کاظم | آٹھویں امام | امام علی رضا |
| نویں امام | امام محمد تقی | دسویں امام | امام علی نقی |
| گیارہویں امام | امام حسن عسکری | بارہویں امام | امام مہدی آخر الزمان |

# معصوم

معصوم چودہ ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلے معصوم | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | دوسرے معصوم | حضرت فاطمۃ الزہراء علیہا السلام |
| تیسرے معصوم | علی | چوتھے معصوم | حسن |
| پانچویں معصوم | حسین | چھٹے معصوم | علی زین العابدین |
| ساتویں معصوم | محمد باقر | آٹھویں معصوم | جعفر صادق |
| نویں معصوم | موسیٰ کاظم | دسویں معصوم | علی رضا |
| گیارہویں معصوم | محمد تقی | بارہویں معصوم | علی نقی |
| تیرویں معصوم | حسن عسکری | چودویں معصوم | مہدی آخر الزمان |

# صلواۃ

## اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

صلوات بھیجنے کا حکم قرآن میں ہے۔

صلوات محمدؐ و آلِ محمدؑ کے لیے ہے۔

اللہ اور فرشتے بھی صلوات بھیجتے ہیں۔

صلوات پڑھنا عبادت ہے۔

دعا سے پہلے اور بعد میں صلوات پڑھنی چاہیے۔

صلوات پڑھے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی۔

صلوات یعنی اے اللہ! محمدؐ و آل محمدؑ پر رحمت فرما۔

# قیامت

جس دن صور پھونکا جائے گا، یہ دُنیا ختم ہو جائے گی۔

اُس دن سب اللہ کے سامنے حاضر ہوں گے۔

انسان کی مرضی ہے کہ دُنیا میں اچھے یا برے کام کرے۔

اُس دن اچھے کام کا اچھا بدلہ دیا جائے گا۔

اُس دن برے کام کا برا بدلہ دیا جائے گا۔

اچھے کام کرنے والے ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔

برُے کام کرنے والے ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔

قِیامت ضرور آئے گی، یہ اللہ کا وعدہ ہے۔

ہمیں اللہ کے وعدے پر پُورا یقین ہے۔

# ہمارا عقیدہ

اللہ ہمارا رَب ہے۔(یعنی اللہ ہمارا آقا، داتا اور حاکم ہے)

حضرت محمد(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہمارے رسول ہیں۔

اسلام ہمارا دین ہے۔(یعنی ہم مسلمان کسی اور دین کے پیرو نہیں ہیں)

قرآن ہماری کتاب ہے۔(یعنی ہم قرآن کا حکم مانتے ہیں)

کعبہ ہمارا قبلہ ہے۔(یعنی ہم کعبہ رخ ہو کر نماز پڑھتے ہیں)

امام بارہ ہیں۔یعنی آخری نبی کے بعد سلسلہ امامت جاری ہے)

قیامت برحق ہے۔(یعنی قیامت کی گھڑی آکر رہے گی)

❁❁❁

# فرشتے

فرشتوں کو اللہ نے نور سے بنایا ہے، وہ نظر نہیں آتے۔

فرشتوں پر ایمان لانا ضروری ہے۔

فرشتوں کے ماں باپ اور بیوی بچے نہیں ہوتے۔

فرشتے معصوم ہوتے ہیں اور طویل عمر پاتے ہیں۔

فرشتے نہ کچھ کھاتے ہیں نہ کچھ پیتے ہیں۔

چند مشہور فرشتے یہ ہیں

روحؑ، جبرائیلؑ، میکائیلؑ، عزرائیلؑ، اسرافیلؑ، رضوانؑ، مالکؑ، کراماً کاتبین، منکر و نکیر

❁❁❁

# فرشتوں کے کام

فرشتے اللہ کے حکم سے اپنا اپنا کام کرتے ہیں۔

حضرت جبرائیل کا کام نبیوں کو وحی پہنچانا ہے۔

حضرت میکائیل کا کام لوگوں تک رزق پہنچانا ہے۔

حضرت عزرائیل کا کام لوگوں کی روح نکالنا ہے۔

حضرت اسرافیل کا کام قیامت کا صور پھونکنا ہے۔

کراماً کاتبین انسانوں کے اعمال لکھتے ہیں۔

منکر و نکیر قبر میں مُردوں سے سوال جواب کرتے ہیں۔

# اچھا مسلمان

مُسلمان مشکل میں نہیں گھبراتا۔

مسلمان محنت سے جی نہیں چُراتا۔

مسلمان غرور نہیں کرتا۔

مسلمان ظلم نہیں کرتا۔

مسلمان چغلی نہیں کھاتا۔

مسلمان رشوت نہیں لیتا۔

مسلمان کسی کا راز نہیں کھولتا۔

# مومن کی شان

اسلام پر عمل کرنے والا مومن کہلاتا ہے۔

مومن اصول دین کو دل سے مانتا ہے۔

مومن گندے کاموں سے دور رہتا ہے۔

مومن کا اخلاق بہت اچھا ہوتا ہے۔

مومن دوسرے مومن کا بھائی ہوتا ہے۔

مومن محمدؐ اور آل محمدؑ سے محبت کرتا ہے۔

مومن آل محمدؐ کی محبت میں شہید مرتا ہے۔

مومن فروع دین پر دل سے عمل کرتا ہے۔

# فروع دین

فروع دین یعنی دین کی شاخیں دس ہیں

(1) نماز

(۲) روزہ

(۳) حج

(۴) زکات

(۵) خمس

(۶) جہاد

(۷) آمر بالمعروف

(۸) نہی عن المنکر

(۹) تولا

(۱۰) تبرا

# نماز

نماز دین کا ستون ہے۔

نماز دل کا سکون ہے۔

نماز بندگی کا قرینہ ہے۔

نماز جنت کا زینہ ہے۔

نماز اللہ سے رابطہ ہے۔

نماز شیطان کی ہار ہے۔

نماز مسلمان کی جیت ہے۔

# نماز کس پر واجب ہے

## نماز ہر مسلمان مرد اور عورت پر واجب ہے

جب لڑکی (9) کی ہو جاتی ہے تو اس وقت اس پر نماز واجب ہو جاتی ہے

اسی طرح جب لڑکا (15) سال کا ہو جاتا ہے تو اس پر نماز واجب ہے۔

# نماز کب پڑھی جاتی ہے۔؟

1۔ صبح صادق سورج کے نکلنے سے پہلے (نماز فجر)۔

2۔ زوال کے فوراًبعد (نمازِ ظُہرَین) یعنی نماز ظہر اور نماز عصر۔

3۔ سورج کے غروب کے فوراًبعد (نمازِ مغربین) یعنی نماز مغرب اور نماز عشاء۔

# روزانہ کی نمازیں

## روزانہ کی واجب اور نوافل نمازیں جن کی ترتیب کچھ یوں ہے

| نمازیں | نوافل | واجب اور وقت | نوافل |
|---|---|---|---|
| ظہر | 8رکعت پہلے | 4رکعت 🌞 ظہر | **** |
| عصر | 8رکعت پہلے | 4رکعت 🌤 عصر | **** |
| مغرب | **** | 3رکعت 🌆 مغرب | **** |
| غفیلہ | مغرب کے بعد | دو رکعت 🤲 | عشاء سے پہلے |
| عشاء | **** | 4رکعت 🌙 عشاء | 2رکعت بعد بیٹھ کر |
| صبح | 2رکعت پہلے | 2رکعت 🌅 صبح | ***** |
| رات کی نماز ⭐ | 8رکعت شب | 2رکعت شفع نوافل | 1رکعت وَتر |
| | | | |

# سورۃ الحمد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ

الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ

صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ

غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ

❁❁❁

# سورہ توحید

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ

اللّٰهُ الصَّمَدُ

لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُولَدۡ

وَلَمۡ یَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ

# کبھی نہ بھولو

ماں باپ کی بات مانو۔

اُستاد کا احترام کرو۔

بڑوں کو سلام کرو۔

مجلس میں تمیز سے بیٹھو۔

ہر کام کے لیے وقت مقرر کرو۔

گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا۔

زمانہ ہمیشہ ایک سا نہیں رہتا۔

اللہ کو یاد رکھنا کبھی نہ بھولو۔

# اچھی باتیں

ہمیں ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔

ہمیں محنت سے پڑھنا چاہیے۔

ہمیں کھانا خوب چبا کر کھانا چاہیے۔

ہمیں پھل دھو کر کھانا چاہیے۔

ہمیں بڑھے ہوئے ناخن کاٹنے چاہئیں۔

ہمیں روزانہ دانت صاف کرنے چاہئیں۔

ہمیں اُستاد کی باتیں غور سے سننی چاہئیں۔

# بُری باتیں

ہمیں چلا کر بات نہیں کرنی چاہیے۔

ہمیں چوری نہیں کرنی چاہیے۔

ہمیں لڑائی جھگڑا نہیں کرنا چاہیے۔

ہمیں جُھوٹ نہیں بولنا چاہیے۔

ہمیں وعدہ نہیں توڑنا چاہیے۔

ہمیں گلے سڑے پھل نہیں کھانے چاہئیں۔

ہمیں بلاوجہ پھول پتے نہیں توڑنے چاہئیں۔